**Shabbir / Fazil**

**15-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج تین ملکوں اردن، Ethiopia اور Oman کے دورے پر جا رہے ہیں۔

2- بھارت نے بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے دعووں کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا ہے کہ بھارت نے ہمیشہ ہمسایہ ملک میں آزدانہ، منصفانہ اور سب کی شمولیت والے انتخابات کی حمایت کی ہے۔

3- امریکہ آج سے H-One B اور H-4 ویزا درخواست گزاروں کی سوشل میڈیا جانچ کا سلسلہ شروع کر رہا ہے۔

4- آسٹریلیا میں گولی باری کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 15 ہوگئی ہے۔ ایک شخص اور اُس کے بیٹے کی حملہ آور کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے۔

5- ارجنٹینا کے فٹ بال کھلاڑی Lionel Messi اپنے GOAT India Tour کے چوتھے اور آخری مرحلے کیلئے آج نئی دلی پہنچ رہے ہیں۔

6- اور مردوں کی کرکٹ میں: دھرم شالہ میں بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں جنوبی افریقہ کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج تین ملکوں اُردن، ایتھیوپیا اور عُمان کے تین روزہ دورے پر جائیں گے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وہ شاہ عبداللہ دوئم ابن الحسین کی دعوت پر اُردن جائیں گے۔ وزیر اعظم مودی دوطرفہ تعلقات کے پورے منظرنامے کا جائزہ لینے اور علاقائی معاملات پر تبادلۂ خیال کے مقصد سے اُردن کے شاہ سے ملاقات کریں گے۔

جناب مودی کا یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے، جب دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال پورے ہو رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

بھارت اور اُردن کی سلطنت کے درمیان تعلقات، تاریخی رشتوں، باہمی احترام اور سیاسی و اقتصادی نیز دفاعی میدانوں میں بڑھتے ہوئے تعاون پر مبنی ہے۔ سفارتی تعلقات 1950 میں قائم ہوئے تھے اور اِن میں پچھلے 75 برس میں آہستہ-آہستہ استحکام پیدا ہوا ہے، جس سے علاقائی مضبوطی، ترقی اور مذاکرات میں مشترکہ مفادات کا اظہار ہوتا ہے۔

دوطرفہ تعلقات کے تحت آج اعلیٰ سطح کے لگاتار مذاکرات اور قیادت کی سطح پر قریبی مفاہمت شاہ عبداللہ دوئم نے کئی موقعوں پر بھارت کا دورہ کیا ہے، جس میں اُن 2018 کا اہم ترین دورہ بھی شامل ہے۔

آج اُردن کا وزیر اعظم کا یہ دورہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا ایک مکمل دوطرفہ دورے کی اہمیت کا حامل ہے، جو تقریباً 4 دہائیوں میں کیا جا رہا ہے۔

اُردن میں متحرک بھارتی برادری نے، بھارتی وزیر اعظم کے پہنچنے سے پہلے کافی بے صبری کا مظاہرہ کیا ہے اور اس دورے کو ایک فخر کا لمحہ قرار دیا ہے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان عوام سے عوام کے مضبوط رشتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

S/B - 1

S/B - 2

VOX POP

امید ہے کہ اس دورے سے بھارت-اُردن تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور دونوں ملکوں کے درمیان دوستی اور تعاون میں اضافہ ہوگا۔

ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

کل وزیر اعظم ایتھوپیا کیلئے روانہ ہو جائیں گے۔ یہ اِس ملک کا اُن کا پہلا دورہ ہوگا۔ جناب مودی، ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کریں گے اور بھارت-ایتھوپیا تعلقات کے سبھی پہلوؤں پر وسیع بات چیت کریں گے۔

اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیر اعظم عُمان جائیں گے اور وہاں سلطان Haitham ابن طارق سے ملاقات کریں گے۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 70 سال پورے ہونے کے موقع پر کیا جا رہا ہے۔×

PM Emperor Stamp

وزیر اعظم نریندر مودی نے راجہ Perumbidugu Mutharaiyar دوئم Suvaran Maran کے اعزاز میں ایک ٹکٹ جاری کیے جانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن کے ایک سوشل میڈیا پیغام کے جواب میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ ایک بارعب منتظم تھے، جنہیں غیر معمولی دوراندیشی اور ذہانت حاصل تھی۔ وہ انصاف کے تئیں خود کو وقف کر دینے کیلئے مشہور تھے اور تمل ثقافت کی ایک اہم سرپرست شخصیت تھے۔ جناب مودی نے نوجوانوں سے بھی کہا کہ وہ Perumbidugu Mutharaiyar دوئم کی غیر معمولی زندگی کے بارے میں جانکاری حاصل کریں۔x

MEA Bangladesh

بھارت نے ایک پریس نوٹ میں کی گئی بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کی اِس رائے زنی کو واضح طور پر مسترد کردیا ہے کہ بھارت سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کو اپنے حامیوں کیلئے اشتعال انگیز بیانات دینے کی اجازت دے رہا ہے۔

ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت نے ہمیشہ پُرامن ماحول میں بنگلہ دیش میں آزادانہ، منصفانہ، سب کی شمولیت والے اور قابلِ بھروسہ انتخابات کرائے جانے کے حق میں اپنے موقف کو دوہرایا ہے۔

اِس کے علاوہ بھارت نے کبھی بھی اپنے علاقے کو ایسی سرگرمیوں کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی ہے، جو بنگلہ دیش کے دوست عوام کے مفادات کے منافی ہوں۔

بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ بھارت یہ امید کرتا ہے کہ بنگلہ دیش کی عبوری سرکار پُرامن انتخابات کے انعقاد کے مقصد سمیت امن و قانون برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کی خاطر تمام ضروری اقدامات کرے گی۔x

BJP Nitin Nabin

BJP پارلیمانی بورڈ نے بہار کے وزیر اور پانچ مرتبہ کے ایم ایل اے، Nitin Nabin کو پارٹی کا قومی ورکنگ صدر مقرر کیا ہے۔ اِس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ جناب Nabin کو ایک تنظیمی رہنما کے طور پر جانا جاتا ہے۔ فی الحال وہ پٹنہ ضلع میں Bankipur اسمبلی حلقے کی نمائندگی کر رہے ہیں اور نتیش کمار کی زیرِ قیادت بہار سرکار میں سڑک تعمیرات کا محکمہ اُن کے پاس ہے۔

جناب Nitin Nabin، بی جے پی کے آزمودہ کار لیڈر اور سابق ممبر اسمبلی آنجہانی Nabin کشور پرساد سنہا کے بیٹے ہیں۔ اُن کی عمر 45 سال ہے اور وہ پارٹی کی تاریخ میں سب سے کم عمر ورکنگ صدر بنے ہیں اور اِس عہدے کیلئے مقرر کیے جانے والے بہار کے پہلے BJP لیڈر ہیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US Visa

امریکی حکومت، H-1B ویزا کے درخواست دہندگان اور اُن پر منحصر افراد کی H-4 ویزا کے درخواست دہندگان کی جانچ پڑتال، آج سے اور زیادہ تفصیل سے کرے گی، جس میں اُن کے سوشل میڈیا پروفائلز کو بھی دیکھا جائے گا۔

ایک نئے حکم نامے میں خارجی محکمے نے کہا کہ 15 دسمبر سے H-1B ویزا کے سبھی درخواست دہندگان اور اُن پر منحصر افراد کی آن لائن موجودگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ طلبا اور ایک دوسرے کے ملکوں میں آنے جانے والے لوگوں کی جانچ پڑتال کی جاتی رہی ہے، لیکن اب محکمے نے سوشل میڈیا پروفائلز کی جانچ پڑتال بھی شروع کر دی ہے، تاکہ H-1B ویزا کی درخواست دینے والوں اور H-4 ویزا پر اُن کے انحصار کرنے والوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔×

Australia Shooting

آسٹریلیا میں یہودیوں کے تہوار Hanukkah کے کل پہلے دن سڈنی کے Bondi Beach پر گولی باری کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 15 ہوگئی ہے۔ آسٹریلیا کی پولیس نے اِس گولی باری کو دہشت گردانہ حملہ قرار دیا ہے۔ حکام کے مطابق ایک 50 سالہ شخص اور اُس کا 24 سال کا بیٹا، مبینہ حملہ آور تھے۔ اِس شخص کی موت ہو چکی ہے جبکہ اُس کا بیٹا اسپتال میں داخل ہے اور پولیس حراست میں ہے۔ اِس حملے میں دو پولیس افسروں سمیت 42 افراد زخمی بھی ہوئے۔

آسٹریلیا کے وزیراعظم Anthony Albanese نے کہا ہے کہ آسٹریلیا میں رہنے والے یہودیوں پر حملہ ہر آسٹریلیائی شہری پر حملے کے مترادف ہے اور اِس حملے سے سبھی کو تکلیف ہوئی ہے۔

S/B - Albanese

اُدھر اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ انھوں نے آسٹریلیا کے وزیراعظم کو پہلے ہی یہ تنبیہ کی تھی کہ اُن کی پالیسی کی وجہ سے یہودی مخالف رجحان کو بڑھاوا مل رہا ہے اور اِس کو شہ مل رہی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے دہشت گردوں کے اِس وحشیانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

وزیراعظم نے کہا ہے کہ بھارت، دکھ کی اِس گھڑی میں آسٹریلیا کے عوام کے ساتھ ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بھارت نے دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے اور وہ ہر طرح کی دہشت

گردی کے خلاف لڑائی کی حمایت کرتا ہے۔
وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھی اِس دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔x

Mumbai Messi

مہاراشٹر سرکار نے وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس کی قیادت میں کل ممبئی میں ریاستی سطح کی اسپورٹ پہل ''پروجیکٹ مہادیو'' کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر فٹ بال کے سرکردہ کھلاڑی Lionel Messi، بھارت رتن سچن تیندولکر اور نامور بھارتی فٹ بال کھلاڑی Sunil Chhetri ، بھارتی فٹ بال ٹیم کے کپتان Rahul Bheke اور کئی دیگر سرکردہ افراد موجود تھے۔ وزیراعلیٰ دیویندر فڈ نویس نے پروجیکٹ مہادیو کو 13 سال سے کم عمر کے فٹ بال کھلاڑیوں کی نشاندہی کیلئے ایک اہم پہل قرار دیا۔x

Rev.Messi-New Delhi Tour

قومی راجدھانی دلّی میں آج ارجنٹینا کے فٹ بال کھلاڑی Lionel Messi کی میزبانی کیلئے تمام تیاریاں کر لی گئی ہیں۔ یہ اُن کے GOAT انڈیا سفر کا چوتھا اور آخری مرحلہ ہے۔
دلّی ٹریفک پولیس نے، پروگرام کے تناظر میں ٹریفک سے متعلق ایک ہدایت جاری کی ہے۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Saumya Sharan

دلّی، Lionel Messi کے GOAT انڈیا دورے کا آخری مقام ہوگا۔ یہ دورہ اس مہینے کی 13 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ اس سے پہلے کولکاتہ، حیدرآباد اور ممبئی میں تقریبات منعقد کی گئیں۔
ارجنٹینا کے تاریخ ساز فٹ بال کھلاڑی Lionel Messi آج ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں عوام کے سامنے منظر عام پر آئیں گے۔ وہ دوپہر ایک بجے سے سہ پہر 4 بجے کے درمیان عوام کے سامنے رہیں گے۔
دلّی کے اپنے دورے میں میسی، نوجوانوں کی تین ٹرافیز جیتنے پر منروا اکیڈمی کی ٹیموں کی عزّت افزائی کریں گے۔ ''ایک طرف 9 کھلاڑی'' کے موضوع کے تحت مشہور شخصیتوں کا ایک فٹ بال میچ بھی اس پروگرام کے حصے کے طور پر منعقد کیا جائے گا۔
دلّی ٹریفک پولیس نے اس سلسلے میں ہدایت جاری کی ہے کہ اسٹیڈیم کے آس پاس دوپہر ایک بجے سے سہ پہر 4 بجے تک گاڑیوں کی آمد سست رہے گی۔
سومیا شرن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Ukraine NATO

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ وہ امریکہ اور یوروپ کی طرف سے، سلامتی کی یقین دہانی کے بدلے، نیٹو کی رکنیت کے دعوے سے دستبردار ہونے کو تیار ہیں۔ روس کافی عرصے سے مطالبہ کرتا رہا ہے کہ اوقیانوس کے پار اتحاد نیٹو کو چاہیے کہ وہ جنگ ختم کرنے کی ایک شرط کے طورپر، مشرق کی طرف بڑھنا بند کر دے۔ روس نے کہا ہے کہ شاید وہ یوکرین اور یوروپ کی سبھی تجویزوں کو مسترد کر دے گا۔

جرمن چانسلر Friedrich Merz نے کل وفاقی چانسلری میں، زیلنسکی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی Steve Witkoff اور داماد Jared Kushner کے مابین امن بات چیت کی میزبانی کی تھی۔

Witkoff نے ایکس پر لکھا ہے کہ مندوبین نے امن کے 20 نکاتی منصوبے کے بارے میں گہرائی سے بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ اِن مندوبین کی میٹنگ آج ایک بار پھر ہوگی۔

ایسا لگتا ہے کہ دونوں ممالک نے ٹرمپ کی اِس تجویز کو مسترد کر دیا ہے کہ Donbas خطّے سے سبھی فوجیوں کو ہٹا لیا جائے، تاکہ مشرقی یوکرین کے حصوں میں ایک آزاد اقتصادی زون قائم کیا جائے، جو ابھی Kyiv کے قبضے میں ہے۔x

India SA T20 Cricket

کرکٹ میں، کل رات دھرم شالہ میں بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں جنوبی افریقہ کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز میں دو-ایک کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کے سامنے 118 رن کا نشانہ رکھا تھا۔ بھارت نے صرف 15 اوورس اور پانچ گیندوں میں 3 وکٹ کھوکر یہ نشانہ حاصل کرلیا۔

ابھیشیک شرما نے سب سے زیادہ 35 رن بنائے جبکہ تلک ورما نے 25 رن اسکور کیے اور آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔

اِس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیت کر جنوبی افریقہ سے بلے بازی کرنے کو کہا اور جنوبی افریقہ کی پوری ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 117 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

کپتان Aiden Markaram نے سب سے زیادہ 61 رن بنائے۔

بھارت کی طرف سے ارش دیپ سنگھ، ہرشت رانا، ورون چکرورتی اور کُلدیپ یادو نے دو - دو وکٹ لیے۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور تلنگانہ میں آج کہیں کہیں سردی کا زور جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر دلی، چنڈی گڑھ، ہریانہ، ہماچل پردیش، پنجاب، اترپردیش، مشرقی مدھیہ پردیش اور ملک کے شمال مشرقی حصوں میں گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

دلی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی شدید سے زیادہ کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ آج صبح سات بجے 454 ریکارڈ کیا گیا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسعد اللہ

شکریہ -اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے ذریعہ سوشل میڈیا پر مرکزی وزیر جیوتی رآدتیہ سندھیا کے ہارن بل فیسٹول کے متعلق تحریر کردہ مضمون کو شیئر کرنے اور اِس کے اہم نکات کو صفحہ اوّل پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وزیر اعظم نے کہا کہ ہارن بل فیسٹول بھارت کی ثقافت اور شمال مشرقی خطے کی اہم وراثت اور قبائلی برادری کی ایک پائیدار علامت ہے۔

روزنامہ انقلاب نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اِس بیان کو اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے کہ متوازن ماحولیاتی نظام کو برقرار رکھنے کیلئے صاف ہوا اور محفوظ آبی ذرائع بے حد اہم ہیں۔

'اسٹینفورڈ یونیورسٹی کی عالمی رپورٹ کے مطابق بھارت اے آئی مسابقت میں امریکہ اور چین کے بعد تیسرے نمبر پر'۔ اس خبر کو سبھی اخباروں نے خصوصی طور پر نمایاں کیا ہے۔

'اسٹیٹ بینک آف انڈیا کے قرض آج سے ہوں گے سستے، شرح سود میں صفر اعشاریہ 25 فیصد تخفیف کیے جانے کا SBI نے کیا اعلان'۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔

بھارتی ریلوے نے LBH کوچز کی تیاری میں مسلسل پیش رفت کی ہے، ریلوے کے اِس اقدام سے مسافروں کو بہتر سفر کی سہولت فراہم ہوگی۔ یہ خبر بھی آج کے اخباروں کی شہ سرخی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ آسٹریلیا کے بونڈی ساحل پر فائرنگ، کئی افراد ہلاک۔

☆ اقوام متحدہ نے آبی وسائل پر بڑھتے ہوئے دباؤ سے دنیا کو کیا خبردار۔

☆ سعودی عرب اور قطر کے درمیان ریل معاہدے پر دستخط۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج تین ملکوں اردن، Ethiopia اور Oman کے دورے پر جا رہے ہیں۔

2- بھارت نے بنگلہ دیش کی عبوری سرکار کے دعووں کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا ہے کہ بھارت نے ہمیشہ ہمسایہ ملک میں آزدانہ، منصفانہ اور سب کی شمولیت والے انتخابات کی حمایت کی ہے۔

3- امریکہ آج سے H-One B اور H-4 ویزا درخواست گزاروں کی سوشل میڈیا جانچ کا سلسلہ شروع کر رہا ہے۔

4- آسٹریلیا میں گولی باری کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 15 ہوگئی ہے۔ ایک شخص اور اُس کے بیٹے کی حملہ آور کے طور پر نشاندہی کی گئی ہے۔

5- ارجنٹینا کے فٹ بال کھلاڑی Lionel Messi اپنے GOAT India Tour کے چوتھے اور آخری مرحلے کیلئے آج نئی دلی پہنچ رہے ہیں۔

6- اور مردوں کی کرکٹ میں: دھرم شالہ میں بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں جنوبی افریقہ کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------